بسم اللہ الرحمن الرحیم

پیغام

صدر مجلس خدام الاحمدیہ بھارت

پیارے خدام بھائیو اور عزیز اطفال بھارت!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

امید ہے کہ آپ سب بفضلہٖ تعالیٰ بخیر و عافیت ہوں گے۔

خدا تعالیٰ کا ہم پر یہ احسان عظیم ہے کہ ہمیں وقت کے امام کو ماننے کی سعادت نصیب ہوئی۔ اس پر مستزاد یہ کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں خلافت علیٰ منہاج النبوۃ کے ساتھ وابستہ فرمایا۔ خدا تعالیٰ کے ان احسانات پر ہم جتنے بھی سجدات شکر بجالائیں وہ کم ہیں۔ خلافت احمدیہ کی عظیم نعمت و برکت ہم سے یہ تقاضا کرتی ہے کہ ہم خلافت کے ساتھ اپنی وابستگی کو مضبوط و مستحکم بنائیں اور خلیفہ وقت کی ہر آواز پر والہانہ لبیک کہنے والے بنیں۔

آجکل ساری دنیا بالعموم اور مسلم دنیا بالخصوص جس ظلم و فساد، بے اطمینان اور بے چینی کے عالم میں سے گزر رہی ہے، جماعت احمدیہ خلافت کی برکت سے اس سے محفوظ ہے۔ خلیفہ وقت کی ذات اقدس ہمارے لئے ایک مضبوط ڈھال اور حصن حصین ہے۔ دربار خلافت سے فیض اور برکت، خلافت کی کامل اطاعت و وفا کے ساتھ مشروط ہے۔ لہٰذا خاکسار کی تمام خدام و اطفال سے یہ گزارش ہے کہ خلیفہ وقت سے اپنا ذاتی تعلق پیدا کریں اور خلافت سے اخلاص و وفا، اطاعت و فرمانبرداری اور پیار و محبت میں ایک مثالی اور قابل تقلید نمونہ پیش کریں۔

یہ زمانہ جس میں ہمیں بحیثیت خادم خلافت خامسہ کی عظیم الشان روحانی قیادت میں خدمت کی توفیق مل رہی ہے اس کو اپنی سعادت سمجھیں اور اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے خلیفہ وقت کے دست و بازو بن جائیں اور خلافت احمدیہ کے قائم رکھنے کی خاطر عظیم سے عظیم قربانیاں پیش کرتے چلے جائیں۔ خلافت خامسہ کے بابرکت دور میں اللہ تعالیٰ جماعت احمدیہ کو غیر معمولی ترقیات سے نواز رہا ہے۔ **انی معک یا مسرور** کے وعدے کے مطابق خدا تعالیٰ کی تائید و معیت کے نظارے ہم روز بروز مشاہدہ کر رہے ہیں۔ غلبہ اسلام کا خوبصورت نقشہ جو حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام نے کھینچا تھا اس کو ہم روز افزوں روشن تر ہوتے دیکھ رہے ہیں۔

پس ایسے زمانہ میں ہمیں بھی اپنی حقیر خدمات پیش کرنے کا موقعہ مل رہا ہے۔ اس سعادت کو قدر کی نگاہ سے دیکھیں۔ اور اپنی خوش قسمتی سمجھیں۔ اپنی زندگی کا ہر پل اور لمحہ خلیفہ وقت کی اطاعت میں غلبہ اسلام کے عظیم مقصد کے لئے صرف کریں۔ یاد رکھیں ہماری تمام تر دینی و دنیوی ترقیات خلافت کے ساتھ وابستگی میں پنہاں ہیں۔ پس اس حبل اللہ کو مضبوطی کے ساتھ پکڑ لیں اور اس کے ساتھ چمٹ جائیں۔

اللہ تعالیٰ بھارت کے تمام خدام و اطفال کو خلافت احمدیہ کا حقیقی جانثار بنائے اور حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی اعلیٰ توقعات اور خواہشات کے مطابق ہمیں خدمات سرانجام دینے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

والسلام

خاکسار

کے۔ طارق احمد

صدر مجلس خدام الاحمدیہ بھارت